پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

۱۳/اپریل ۲۰۱۶ء

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹(اے اے سی ایس) کی وقفہ ۳۵۔اے کے تحت ہدایات

جمکھید مرچنٹس کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ۔جمکھید، احمدنگر، مہاراشٹر

عوام کو اس بات سے مطلع کرنا ہے کہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹ کی دفعہ ۱۳۵ے کی ذیلی دفعہ (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیوں کے لئے نافذ ہے) جس کی تعبیر بینکنگ ریگولیشن ایکٹ ۱۹۴۹ کی دفعہ ۵۶ سے کی جاسکتی ہے کے تحت ریزرو بینک آف انڈیا نے جمکھید مرچنٹس کوآپریٹیو بینک لیمیٹڈ، جمکھید، احمدنگر، مہاراشٹر کو متعدد ہدایات جاری کی ہیں۔ کیونکہ ۱۲/اپریل ۲۰۱۶ کو تجارت کے بند ہونے پر مذکورہ بینک ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے سابقہ تحریری منظوری کے بغیر کوئی بھی قرضے اور پیشگی رقموں کی منظوری نہیں دے گا۔ کوئی سرمایہ کاری نہیں کرے گا۔ فنڈ کے بارو ول اور تازہ ترین جمع رقموں کی وصول سمیت کوئی بھی لائبلیٹی نہیں دے گا، کسی بھی ادائیگی کے لئے (چاہئے وہ کسی لائبلٹی کی ادائیگی یا فریضہ کی تکمیل یا کسی اور مقصد کے لئے ہو) نہ خرچ کرے گا اور نہ خرچ کرنے کے لئے تیار ہوگا۔ اپنی جائیدادوں یا اثاثوں میں سے کسی کے لئے بھی نہ کسی معاہدہ، بندوبست، فروخت یا تحویل یا اس کے علاوہ اس کے تصفیہ میں کسی کے ساتھ شریک ہوگا سوائے ان کے جن کا تذکرہ آر بی آئی ہدایات مورخہ ۷/اپریل ۲۰۱۶ میں کیا گیا ہے جس کی ایک کاپی بینک کے احاطہ میں چسپاں کی گئی ہے تاکہ خواہشمند حضرات اس کا مطالعہ کرسکیں، خاص طور پر ہر سیونگ بینک یا کرنٹ اکاؤنٹ یا کسی بھی دیگر ڈپوزٹ اکاؤنٹ جو بھی نام ہو میں موجودہ مبلغ -/1000 روپئے (صرف ایک ہزار روپئے) سے تجاوز کرنے والی کوئی بھی رقم کسی بھی ایسے ڈپوزیٹر کے ذریعہ نہیں نکالی جاسکتی ہے اس کو مذکورہ آر بی آئی کی جانب سے بینکنگ لائسنس کی منسوخی کے مترادف نہ سمجھا جانا چاہئے۔ بینک اپنی تجارت امور پابندیوں کے ساتھ چلاتا رہے گا یہاں تک کہ اس کا مالی نظام مستحکم ہوجائے۔

ریزرو بینک حالات کے اعتبار سے ان ہدایات میں ترمیم کے بارے میں غور کرسکتا ہے۔

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز:2015-2016/2410